## ناظم کراچی نے دوسال میں جتنے ترقیاتی کام کئے اتنے پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں ملک کے تمام شہروں کے میئرز نے بھی نہیں کئے

## 2 مئی کو ایک سازش کے ذریعے کراچی میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کو روکنے کی کوشش کی گئی

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے جناب الطاف حسین کا خطاب

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قرار دیا ہے کہ ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے دوسال میں جتنے ترقیاتی کام کئے ہیں اتنے پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں ملک کے تمام شہروں کے میئرز نے بھی نہیں کئے ، اگر ووٹ کی طاقت کے ذریعے ملک بھر میں متحدہ کی حکومت قائم ہوگئی تو وہ انصاف پر مبنی میرٹ کا نظام نافذ کرے گی جس میں ہر شہری کے یکساں حقوق ہوں گے ، ہم ملک کی قسمت محض زبانی طور پر نہیں بلکہ عملاً بدل کر رکھ دیں گے ، 12 مئی کو ایک سازش کے ذریعے کراچی میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کو روکنے کی کوشش کی گئی ۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس ضمن میں اگر حقائق کے خلاف اور جھوٹی بنیادوں پر مبنی کوئی فیصلہ کیا گیا تو کروڑوں عوام اس پر احتساب کا حق محفوظ رکھتے ہیں ۔ وہ ہفتے کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں لندن سے ٹیلی فونک خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے سٹی ناظم کو ہدایت کی کہ کراچی کے اطراف چھوٹی صنعتوں کا ایسا جال بچھا دیا جائے کہ آئندہ 5 سے 10 برس میں شہر میں کوئی شخص بے روزگار نہ رہے ۔ انہوں نے خواتین کو روزگار کی فراہمی اور ان کیلئے زیادہ سے زیادہ تعلیمی ادارے قائم کرنے کی بھی خصوصی تلقین کی ۔ قبل ازیں سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے ناظم سید مصطفیٰ کمال نے بھی خطاب کیا ۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین ، انچارج رابطہ کمیٹی پاکستان انور عالم ، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب ، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ، وسیم آفتاب ، آنسہ ممتاز انوار ، ڈاکٹر عاصم رضا ، محترمہ خورشید افسر ، شکیل عمر ، ڈاکٹر نصرت ، نیک محمد ، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء ، سینیٹرز ، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ، ٹاؤن ناظمین ، نائب ناظمین ، یوسی ناظمین ، کونسلرز ، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ دار اور ہزاروں کارکنان موجود تھے ۔ اجلاس کے شرکاء اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق قریباً ایک گھنٹے پر محیط ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی جس میں کراچی کی شہری حکومت کے کارناموں کو نہایت عمدہ انداز میں اجاگر کیا گیا ہے ۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کا آغاز قرآن پاک کی آیت کی تلاوت سے کیا ۔ انہوں نے کہا کہ ایک مشہور معقولہ ہے جو قریباً ہر کسی نے کہیں نہ کہیں یا تو پڑھا ہوگا یا بولا ہوگا یا سنا ہوگا کہ انصاف صرف کیا ہی نہیں جائے بلکہ انصاف اس طرح کیا جائے کہ انصاف ہوتا ہوا نظر بھی آئے ۔ دنیا میں اسی طریقے سے اور بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن کی مثالیں ہم اس قول کو سامنے رکھتے ہوئے دے سکتے ہیں مثلاً آپ ''وعدے'' کو لے لیجئے تو وعدہ صرف کیا ہی نہ جائے بلکہ وعدہ پورا ہوتا ہوا نظر آئے ، محسوس کیا جائے اور ہر خاص و عام اسے محسوس کرے ۔ ''انصاف صرف سب کیلئے'' یہ بات صرف منہ سے نہ کہی جائے بلکہ عدالتوں کے دروازوں پر ہر غریب اور امیر آدمی جو ملزم کی حیثیت سے پیش ہو اس کے ساتھ عدالت میں روا رکھے جانے والا سلوک اور رویہ نہ صرف ایک جیسا رکھا جائے بلکہ ایسا ہوتا ہوا بھی نظر آئے ۔ مثلاً امیر ملزمان کو عموماً عدالتوں میں پیش کرتے وقت خصوصی ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا جاتا ہے جبکہ دوسری جانب غریبوں کو عدالتوں میں لے جانے کیلئے یا تو ٹرانسپورٹ موجود ہی نہیں ہوتی اور اگر موجود ہو بھی تو انہیں اس میں بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونس دیا جاتا ہے پھر ہم بات کریں انصاف کی ؟ اور دعوے کریں انصاف کے ؟ جیسا کہ ان دنوں بار بار ذرائع ابلاغ کے ذریعے یہ دعویٰ کیا جارہا ہے کہ انصاف ہو رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ میرے دیکھنے ، سننے اور سمجھنے میں غلطی ہو رہی ہو مگر جب میں یہ سنتا ہوں کہ انصاف ہو رہا ہے تو میرا خیال 60 برسوں سے ظلم کی چکی میں پسنے والے اور کیڑے مکوڑوں کی زندگی گزارنے والے اس ہاری ، کسان اور اس کے گھر والوں کی طرف جاتا ہے جسے وڈیروں اور جاگیرداروں نے اپنی نجی جیلوں میں قید کیا ہوا ہے میں یہ توقع کرتا ہوں کہ شاہدان جاگیرداروں اور وڈیروں کی گرفتاری کی کوئی خبر بھی آئے گی ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایم کیو ایم کی حکومت ملک بھر میں قائم کرا دے تو سب تاج اچھالے جائیں گے سب تخت اکھاڑے جائیں گے سب نجی جیلیں ختم ہوں گی اور انصاف سب کیلئے برابر ہوگا یہ نہیں کہ دولت مندوں کے جرم پر معمولی دفعات لگیں اور غریب کے معمولی جرم پر بڑی سے بڑی دفع لگا دی جائے ۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ایم کیو ایم کو دو تین برسوں کے دوران جتنا عوامی خدمت کے کاموں کا موقع ملا اتنا اس سے پہلے کبھی نہیں دیا گیا لہٰذا اس مرتبہ یہ سوچ لیا گیا تھا کہ اس سے پہلے کہ قبل از وقت یہ نظام ختم کر دیا جائے جتنی جلدی جلدی ہوسکتا ہے عوامی خدمت کے کام کر لئے جائیں اور ضمن میں جتنی بھی ترقی ہوئی اسے صرف بیان ہی نہیں کیا جاسکتا بلکہ آنکھوں سے دیکھا بھی جاسکتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات سے قبل بڑے بڑے دعوے کئے جائیں اور جتنے کے بعد اخبارات میں خبریں لگیں کہ فلاں منصوبے کا افتتاح ہوگیا یا فلاح منصوبہ شروع کر دیا گیا تو ایسی خبر کا کیا فائدہ جو محض افتتاح سے متعلق ہو اصل میں تو متعلقہ ترقیاتی منصوبہ روبہ عمل ہوتا بھی نظر آئے ۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے کہ جہاں انتخابی ٹکٹوں کا جمعہ بازار نہیں لگایا جاتا ۔ انہوں نے شرکاء سے استفسار کیا کہ کیا انہوں نے کبھی کسی خفیہ ذریعے سے ایم کیو ایم کو ٹکٹ کے حصول کیلئے ایک پیسہ بھی دیا ہے تو وہ بتائیں جس پر شرکائے اجلاس نے سختی سے نفی میں جواب دیا ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام بڑی سیاسی جماعتوں میں انتخابی ٹکٹوں

کیلئے اپنے خاندان کے لوگوں کو ترجیح دی جاتی ہے اس کے برعکس میں نے ملک میں نہ صرف موروثی سیاست کے خاتمے کی بات ہی نہیں کی بلکہ اس پر عمل کر کے بھی دکھایا اور اپنے کسی بھائی یا بہن کو انتخابی ٹکٹ نہیں دیا اس کے باوجود اگر ہمارا کوئی منتخب نمائندہ وعدے کی پاسداری نہیں کر پاتا اور اپنے فرائض سے کوتاہی کا مرتکب ہوتا ہے تو ہم اسے ہٹانے میں ایک منٹ کی دیر بھی نہیں لگاتے ۔انہوں نے شرکائے اجلاس کو تلقین کی کہ اپنے نمائندوں کے چناؤں کیلئے میرٹ پر نام دیئے جائیں، کسی دوستی یا رشتہ داری کی بنیاد پر نہیں کیونکہ اس سے نہ صرف پارٹی بدنام ہوتی بلکہ مجھ پر بھی حرف آتا ہے کہ میں صحیح شخص کا انتخاب نہیں کر سکا۔انہوں نے بتایا کہ سٹی ناظم کراچی کے انتخاب کے وقت میں دعا کر رہا تھا کہ ایسا ناظم ہو جو ایماندار، محنتی اور دیانتدار ہو جو کراچی کی تقدیر بدل سکتا ہو۔انہوں نے استفسار کیا کہ کیا آپ سٹی ناظم کراچی کے چناؤ کو بہتر سمجھتے ہیں جس پر شرکائے اجلاس نے کافی دیر تک تالیاں بجا کر اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو ہمیشہ ہمیشہ ایماندار اور صحت مند رکھے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں تمام شہروں کے میئرز نے اتنے ترقیاتی کام نہیں کئے جتنے دو سال میں مصطفیٰ کمال نے کئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ کراچی کے ترقیاتی کاموں کی دستاویزی فلم دیکھ کر میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور دعا کی کہ ٹاؤن ناظمین بھی اسی طرح ترقیاتی کام کریں جیسے سٹی ناظم کر رہے ہیں۔اس موقع پر جناب الطاف حسین آبدیدہ بھی ہو گئے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کی انجام دہی میں سٹی ناظم نے کسی علاقے سے امتیازی سلوک نہیں برتا۔انہوں نے لیاری ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن میں فراہمی آب کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔انہوں نے شہریوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں خصوصاً سڑکوں کی تعمیر کے ضمن میں انہیں کچھ تکلیف تو ضرور ہے مگر یہ کام مصطفیٰ کمال اپنے لئے نہیں بلکہ شہر میں بسنے والے ہر طبقے اور لسانی گروہوں کی سہولت کیلئے کر رہے ہیں۔انہوں نے شہر میں تجاوزات قائم کرنے والوں سے بھی اپیل کی کہ وہ شہر میں ترقیاتی کام کرنے دیں جس کا فائدہ ان کی آئندہ نسلوں کو بھی پہنچے گا۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ اگر اسٹیبلشمنٹ ایم کیو ایم کو پورے پاکستان میں قانون اور آئین کے مطابق کام کرنے کی آزادی دے تو ہم ملک کی قسمت صرف زبانی طور پر ہی نہیں بلکہ عملی طور پر بھی بدل کر رکھ دیں گے اور ملک کا کوئی علاقہ پانی، بجلی، تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات سے محروم نہیں رہے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پر بلا جواز تنقید سے گریز کیا جائے جو ملک کیلئے نقصان دہ ہے۔انہوں نے کہا کہ لندن اے پی سی میں ایم کیو ایم کے خلاف فیصلہ کیا گیا کہ اس کے ساتھ کوئی رابطہ نہ کیا جائے اور ایسا اس لئے کیا گیا کہ ایم کیو ایم میں کوئی لوٹا نہیں ہے اس طرح مخالفین نے خود کو چور ثابت کر دیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ وقت آنے والے ایم کیو ایم کے خلاف بہتان طرازی اور اس کے خلاف اقدامات کرنے والوں سے پورا پورا حساب لیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ اگر ایم کیو ایم کی حکومت قائم ہوگئی تو نہ کسی امیر کی دولت لوٹی جائے اور نہ کوئی کسی غریب کی بیٹی کو اٹھا سکے گا بلکہ سب کے ساتھ یکساں سلوک روا رکھا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ مصطفیٰ کمال بیرونی سرمایہ کاری کے ذریعے شہر میں ترقیاتی کام جاری رکھے ہوئے ہیں جس سے جل کر سازشی عناصر نے 12 مئی کو ایسی گھناؤنی سازش کی کہ شہر میں ترقیاتی عمل رک جائے۔انہوں نے کہا کہ انصاف کے تقاضے پورے ہونے چاہئے لیکن حقائق کے برخلاف جھوٹ پر مبنی فیصلے کئے گئے تو جس طرح وکلاء نے اپنی تحریک کے دوران کہا تھا کہ وہ غلط فیصلوں کو نہیں مانیں گے اور اس کے خلاف احتجاج کریں گے تو پھر لاکھوں کروڑوں عوام بھی ایسے فیصلوں کے خلاف احتساب کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ الطاف حسین اور اس کے ساتھی کسی ظلم کے خلاف سر نہیں جھکائیں گے۔انہوں نے ایم کیو ایم مخالف عناصر کو متنبہ کیا کہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے کام میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے کیونکہ مستقبل میں یہی غریب پنجابی، بلوچ، سرائیکی، کشمیری، سندھی اور مہاجر عوام ووٹ کے ذریعے انقلاب لائیں گے۔انہوں نے بلدیاتی نمائندوں کو تلقین کی کہ خواتین کی تعلیم اور روزگار مہیا کرنے کے ضمن میں زیادہ سے زیادہ ادارے بنائے جائیں۔انہوں نے سٹی ناظم کو تلقین کی کہ شہر کے اطراف چھوٹی صنعتوں کا اس طرح جال بچھا دیا جائے کہ آئندہ پانچ سے دس سال میں کراچی کا کوئی شہری بے روزگار نہ رہے۔انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ تعلیمی بجٹ میں فوری اضافہ کیا جائے۔انہوں نے سٹی ناظم اور ٹاؤن ناظمین کو غرور اور تکبر نہ کرنے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے اپنی اور شہریوں کی جانب سٹی ناظم کو پیار اور متحدہ کے کارکنوں کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے ناظم کراچی کی والدہ اور مصطفیٰ کمال کی صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم زور زبردستی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی لہٰذا تمام مذہبی اور سیاسی جماعتوں کو شہر میں کام کرنے کی مکمل آزادی ہے، ایم کیو ایم کسی کے ساتھ نہ زور زبردستی کرتی ہے نہ اپنے خلاف زور زبردستی برداشت کرے گی۔

## الطاف حسین کی ناظم شہر اور ٹاؤن ناظمین کو نصیحت

کراچی۔۔۔8ستمبر 2007 (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی مصطفیٰ کمال سمیت تمام ٹاؤن ناظمین کو نصیحت کی ہے کہ وہ زندگی میں کبھی غرور اور گھمنڈ نہیں کریں کیونکہ ہمیشہ رہنے والی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔انہوں نے اس دوران مصطفیٰ کمال کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## الطاف حسین کی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دعائیں

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007 (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو رقت آمیز دعاؤں سے نوازا۔ ہفتے کے روز عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز کے ہزاروں شرکاء سے خطاب کے دوران ایک موقع پر انہوں نے مصطفیٰ کمال کیلئے خصوصی طور پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مصطفیٰ کمال کو ایماندار، صحت مند، ثابت قدم اور اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین کی آواز گلوگیر ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت میری آنکھوں سے آنسو رواں ہیں اور میں مصطفیٰ کمال سمیت ان تمام ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین نائب یوسی ناظمین، اور کونسلروں کیلئے بھی دعا گو ہوں جو ایمانداری اور محنت سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اے اللہ تمام حق پرست نمائندوں کو عوامی خدمت کا یہی جذبہ عطا فرمائے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی علیل والدہ اور مصطفی کمال کی صحت یابی کیلئے بھی خصوصی دعا کی۔

## کارکنوں کا قائد تحریک الطاف حسین سے وعدہ

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007 (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داروں اور کارکنوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے وعدہ کیا ہے کہ وہ آئندہ انتخابات کے موقع پر حق پرست امیدواروں کے ناموں کو تجویز کرنے میں اقرباء پروری، دوستی اور رشتہ داری کا مظاہرہ نہیں کریں گے بلکہ جو ایماندار اور اہلیت کے حامل ہوں اور میرٹ پر پورا اترتے ہوں ان کے نام تجویز کریں گے۔ ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنوں نے جناب الطاف حسین سے یہ وعدہ ہفتے کی شب عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس کے دوران قائد تحریک الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

## مصطفیٰ کمال کا ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو سلام

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007 (اسٹاف رپورٹر)

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہونے والے ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس میں کھڑے ہو کر اجلاس میں موجود تمام ذمہ داران اور کارکنان کو کھڑے ہو کر سلام پیش کیا۔ اس سے قبل متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ہدایت کی کہ ان کارکنوں نے شہر کی زبردست خدمت کرنے پر تمہیں خراج تحسین پیش کیا ہے لہٰذا تم بھی کھڑے ہو کر انہیں سلام پیش کرو۔

## لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں سٹی گورنمنٹ کی جانب سے ترقیاتی کاموں اور میگا پروجیکٹس پر مشتمل دستاویزی فلم دکھائی گئی

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہفتے کی شب عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہونے والے ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس میں حق پرست ناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے کراچی میں اب تک کرائے گئے بے شمار ترقیاتی کاموں اور میگا پروجیکٹس پر مشتمل ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی جس میں شہر کراچی اور اس کے مضافاتی علاقوں میں فراہمی ونکاسی آب، صفائی ستھرائی، بائی پاسز، تعمیر شدہ سڑکیں، شاہراہیں، شہر کے ماسٹر پلان وغیرہ اور دیگر ترقیاتی کاموں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان ترقیاتی منصوبوں میں سے زیادہ تر منصوبے مکمل ہو چکے ہیں یا تیاری کے آخری مراحل میں ہیں جبکہ بہت سے منصوبہ ابھی قابل عمل رپورٹ کی تیاری کے مرحلے میں ہیں۔ دستاویزی فلم میں جن منصوبوں کا ذکر کیا گیا ہے ان میں K-3، ڈی سیلینیشن پلانٹ، ٹریفک کی روانی، CNG بسیں، شعبہ تعلیم، انڈر پاسز، فلائی اوورز، سنگل فری کوریڈور 1، سگنل فری کوریڈور 2، بالائی گزرگاہیں، صنعتی علاقوں کی ترقی، تجاوزات کا خاتمہ، پارکنگ پلازہ، بس ٹرمینلز، میونسپل سروسز، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، کمپلین سینٹرز، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ایکسپریس وے، لائٹ ٹرین، شعبہ باغات و تفریحات دیگر منصوبے شامل ہیں۔

## ایم کیوایم کے تحت جنرل ورکرز اجلاس میں ہزاروں کارکنان کی شرکت کی

## حق پرست سٹی گورنمنٹ کی قیادت کی جانب سے ترقیاتی کاموں پر مشتمل وڈیو فلم میں کارکنان کی خصوصی دلچسپی

## جنرل ورکرز اجلاس کے شرکاء نے وڈیو فلم کے دوران متعدد مقامات پر تالیاں بجاکر ترقیاتی منصوبوں کا خیر مقدم کیا

کراچی۔۔۔8،ستمبر 2007ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت اپنی نوعیت کا ایک منفرد لیکن اہم جنرل ورکرز اجلاس ہفتے کی شب عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقد ہوا۔اس موقع پر ہزاروں کارکنوں اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین کے علاوہ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین ، انچارج رابطہ کمیٹی پاکستان انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم رضا، نیک محمد، وسیم آفتاب، شکیل عمر، آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر اور ناظم کراچی سید مصطفیٰ بھی موجود تھے۔اجلاس میں حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، حق پرست ٹاؤن ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے سندھی، بلوچ، پنجابی، سرائیکی، پختون، ہندو، کرسچن اور دیگر قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔جنرل ورکرز اجلاس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے خصوصی ٹیلی فونک خطاب کیا۔اس سے قبل ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے صحافیوں اور کارکنان کو کراچی شہر کی تاریخ اور گزشتہ دوسالوں کے دوران حق پرست سٹی گورنمنٹ کی قیادت کی جانب سے کرائے گئے ترقیاتی کاموں بشمول میگا پروجیکٹس پر مشتمل ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ایک گھنٹہ سے زائد وقت پر مشتمل اس دستاویزی فلم کو شرکاء نے پوری دلچسپی سے دیکھا اور بعض مواقع پر تالیاں بجاکر ترقیاتی منصوبوں کا خیر مقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔دستاویزی فلم دکھانے کیلئے لال قلعہ گراؤنڈ میں خصوصی انتظامات کئے گئے اور اس سلسلے میں چار بڑی اسکرینیں لگائی گئیں تھیں۔قبل ازیں جنرل ورکرز اجلاس میں کارکنان کی آمد کا سلسلہ سرشام سے ہی شروع ہوگیا تھا۔اجلاس میں جیسے ہی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون لائن پر آمد کا اعلان کیا گیا تو کارکنان میں جوش وخروش کی لہر دوڑ گئیں اور لال قلعہ گراؤنڈ اور اطراف کی گلیاں کارکنان کے فلک شگاف نعرے سے گونج اٹھیں۔اس موقع پر شرکاء لال قلعہ گراؤنڈ میں کارکنان کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت کے باعث جگہ کم پڑ گئی جس کے باعث شرکاء کی بڑی تعداد نے جناب الطاف حسین کا خطاب باہر گلیوں میں کھڑے ہوکر سنا۔اس موقع پر ایم کیوایم کا مشہور ترانہ ''ساتھی مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' بھی بجایا گیا جس کا شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر ساتھ دیا۔

## شہر میں انقلابی طور پر ترقیاتی کام کیے جارہے ہیں اور عوام کی فلاح اور انہیں سہولیات کی فراہمی کا یہ عمل مسلسل جاری رکھا جائے گا

## سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کا لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)08/ستمبر 2007ء

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر شہر میں انقلابی طور پر ترقیاتی کام کیے جارہے ہیں اور عوام کی فلاح اور انہیں سہولیات کی فراہمی کا یہ عمل مسلسل جاری رکھا جائے گا۔انہوں نے یہ بات ہفتے کو لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ قائد تحریک کا فکر وفلسفہ ہی ہے جنہوں نے بلاامتیاز کام کرنے کی ہدایت کی۔یہی وجہ ہے کہ لیاری، گڈاپ، بن قاسم جیسے علاقوں میں بھی اس تیزی اور بھرپور توجہ سے ترقیاتی منصوبے عمل کرائے جارہے ہیں جس طرح دیگر 14 ٹاؤن میں کام ہورہے ہیں، لیاری ٹاؤن میں پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی فراہمی آب کی لائن ڈال کر اس علاقے کے عوام کے دیرینہ مسئلے کو حل کیا ہے۔جو کام اس شہر میں 60 برس میں نہیں ہوئے وہ صرف حق پرست قیادت کے تحت گذشتہ 2 برسوں میں ہوئے ہیں۔اگر ماضی میں کسی نے اس طرح کام کیے ہوتے تو آج ہمیں سیوریج اور پینے کے پانی کی لائنوں کی مد میں 17 ارب روپے زمین کے نیچے دفن نہ کرنے پڑتے۔ناظم کراچی نے کہا کہ کراچی کی کوئی گلی، سڑک اور محلّہ ایسا نہیں جہاں کوئی ترقیاتی کام نہ ہوئے ہوں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے کاموں کا خمار نہیں ہے اور نہ ہی ہمیں اطمینان ہے یہ سلسلہ اور دن رات جدوجہد جاری ہے کیونکہ کراچی کے مسائل سمندر کے برابر ہیں اور اب تک کے کام ایک قطرے کے برابر ہیں۔جس دن ہم نے کراچی کے مسائل کو ختم کردیا جس دن ہم اہلیان کراچی کو پینے کا صاف پانی، سیوریج کی بہتر لائنیں، خوبصورت گلیاں، سڑکیں، صحت وتعلیم کی بھرپور سہولیات سمیت تمام شہری سہولیات مکمل طور پر فراہم کرنے میں کامیاب ہوں گے اسی دن حق پرستی کی جدوجہد اور عوامی خدمات کے سلسلے پر ہم مطمئن ہوسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کو کوئی نہیں جانتا، آج یہ عزت اور اعتماد صرف قائد تحریک الطاف حسین کی وجہ سے ہی ہے اور شہر کی تعمیر وترقی کا تمام کریڈٹ قائد تحریک کو جاتا ہے۔سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ مجھے نہیں پتہ تھا کہ میں ناظم شہر کی ذمہ داریوں اور دن رات کام کرنے کی صلاحیت کا

حامل ہوں ۔میں ایک کارکن ہوں جسے اٹھا کر قائد تحریک نے اس قابل بنایا جوان کا حسن نظر ہے ۔اس موقع پر ناظم کراچی نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ کاش ہم قائد تحریک الطاف حسین کی ان خواہشات پر پورا اتر سکتے جو عوام کی خدمات کیلئے انہوں نے تمام حق پرست نمائندوں سے وابستہ کی ہوئی ہیں لہٰذا ہم تمام عوامی نمائندگان کو اس سلسلے میں بھر پور انداز میں کام کرنا ہوگا ہم میں بہت خرابیاں اور غلطیاں ہیں جنہیں سدھارنا ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ تنظیمی ڈسپلن کے تحت عوام کی خدمت نہ کرنے والے وزراء اور ناظمین سے انکی ذمہ داریاں واپس لے لی گئیں ہیں لہٰذا اگر کسی سے کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو اس کا ذمہ دار وہ خود ہے اس میں قائد تحریک کا کوئی دخل نہیں ہوتا ۔ایم کیو ایم کے اس احتساب کے عمل نے متحدہ قومی موومنٹ کو حق پرستی کی جدوجہد کا صحیح آئینہ ثابت کر دیا ہے ۔انہوں نے واضح کیا کہ شہر میں جتنے ترقیاتی کام ہو رہے ہیں وہ شہری حکومت کا اپنا پیسہ ہے ماضی میں منصوبے کاغذوں پر بنتے تھے اور رقم استعمال ہونے کے بجائے لوگوں کی جیبوں میں چلی جاتی تھی ۔حق پرست قیادت نے یہ پیسہ صحیح طور پر عوام کیلئے ہی استعمال کیا ۔

## خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے کا واقعہ کھلی غنڈہ گردی، بدمعاشی اور دہشت گردی ہے، ارکان قومی اسمبلی

## خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے والے عناصر کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے اور قانون کے مطابق سزا دی جائے

## کون سے آئین اور قانون میں لکھا ہے کہ جو وکلاء حکومت کی طرف سے عدالت میں پیش ہوں ان کے مخالفین ان کو زدوکوب کریں؟

## پاکستان بھر کے عوام اس بات کے منتظر ہیں کہ خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے والے افراد کے خلاف صدر، وزیر اعظم، چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس آف سندھ ہائی کورٹ کیا ایکشن لیتے ہیں

کراچی ۔۔۔8، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے 12 مئی کے واقعہ میں حکومت کی طرف سے سندھ ہائی کورٹ میں پیش ہونے والے معروف وکیل خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو بعض عناصر کی جانب سے زدوکوب کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیر اعظم شوکت عزیز، چیف جسٹس آف پاکستان افتخار محمد چودھری اور سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صبیح الدین احمد سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے والے عناصر کے خلاف فوری ایکشن لیکر ان عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے کا واقعہ کھلی غنڈہ گردی، بدمعاشی اور دہشت گردی ہے ۔انہوں نے کہا کہ کون سے آئین اور قانون میں لکھا ہے کہ جو وکلاء حکومت کی طرف سے عدالت میں پیش ہوں ان کے مخالفین ان کو زدوکوب کریں؟ انہوں نے کہا کہ اس طرح اگر ہر کوئی قانون اپنے ہاتھ میں لینا شروع کر دے تو پھر قانون کہاں جائے گا؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی صدر جنرل پرویز مشرف، وزیر اعظم شوکت عزیز، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چودھری اور سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صبیح الدین احمد سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے والے عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان بھر کے عوام اس بات کے منتظر ہیں کہ خواجہ نوید ایڈوکیٹ کو زدوکوب کرنے والے افراد کے خلاف صدر، وزیر اعظم، چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس آف سندھ ہائی کورٹ کیا ایکشن لیتے ہیں ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت آج اورنگ آباد میں خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر ہوگا

## میڈیکل سینٹر سے علاقے کے عوام کو علاج ومعالجہ کی سستی سہولیات میسر آئیں گی

کراچی ۔۔۔8، ستمبر 2007ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام غریب ومستحق افراد کو علاج ومعالجہ کی سستی سہولیات کی فراہمی کیلئے ناظم آباد کے علاقے اورنگ آباد میں خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر کی دوسری شاخ کا افتتاح کل بروز اتوار کو شام چار بجے ہوگا ۔اورنگ آباد میں میڈیکل سینٹر کے قیام سے علاقے کے غریب ومستحق افراد کو علاج ومعالجہ کی سستی سہولیات میسر آسکیں گی ۔میڈیکل سینٹر کا افتتاح ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین کریں گے اور افتتاحی تقریب کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں ۔

## مسیحی برادری کے زائرین کی رہنمائی کیلئے ننکانہ صاحب میں ایم کیوایم کا تین روزہ استقبالیہ کیمپ

## ایم کیوایم، پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ چاہتی ہے، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ

## استقبالیہ کیمپ کے دورے کے موقع پر زائرین سے بات چیت

ننکانہ۔۔۔8، ستمبر 2007ء

مریم آباد ننکانہ صاحب میں مسیحی برادری کے مذہبی اجتماع میں آنے والے زائرین کی رہنمائی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام تین روزہ استقبالیہ کیمپ قائم کیا گیا ہے جو کہ 9 ستمبر تک جاری رہے گا۔ استقبالیہ کیمپ پر زائرین کی رہنمائی کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار ہمہ وقت موجود ہیں جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے زائرین کیلئے ٹھنڈے پانی کی سبیل کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست وفاقی وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے ننکانہ صاحب میں قائم ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے آرگنائزر امان اللہ خان، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین اسٹیفن آصف، شہباز یوسف، یونس جان، کرسٹوفر عنان، شمع گلزار، ایم کیوایم ننکانہ صاحب شیخوپورہ کے ضلعی آرگنائزر رانا نصیر اور محمد علی جواد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ مسیحی برادری کے زیارت مقدسہ مریم کے مذہبی اجتماع میں زائرین سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس نے نہ صرف ملک میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں اور ان کے حقوق کا تحفظ کیا بلکہ غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے اقلیتی برادری کے افراد کو منتخب کروا کر اسمبلیوں میں بھی بھیجا ہے۔ قبل ازیں ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام جہاں جہاں فروغ پارہا ہے وہاں بسنے والی اقلیتی برادری کو مکمل تحفظ کا احساس ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جس طرح اقلیتی برادری کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر کی کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 180 کی کارکنان محترمہ شاہدہ نثار اور محترمہ رضیہ فضیل کے والد سید رفاقت حسین کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء سید رفاقت حسین مرحوم کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی اسرار العباد خان، ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے اراکین، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی اراکین آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران و کارکنان نے سید رفاقت حسین مرحوم کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر سوگوار خواتین کے ہمراہ رہیں اور انہوں نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایلڈرز ونگ کے رکن فضل کریم کی اہلیہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے رکن فضل کریم کی اہلیہ فریدہ اختر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے ارکان نے ایلڈرز ونگ کے رکن فضل کریم کی اہلیہ فریدہ اختر کے انتقال پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆